SHB

19-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسعد اللہ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1- وزیر اعظم مودی نے، کروشیا کا اپنا پہلا دورہ مکمل کیا۔ انہوں نے تنازعات کے پُر امن حل پر زور دیا اور دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت کا دشمن قرار دیا۔

2- بھارت اور کروشیا نے زراعت، ثقافت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں نیز Zagreb یونیورسٹی میں ہندی چیئر قائم کرنے سے متعلق مفاہمت ناموں پر دستخط کیے۔

3- سندھو آپریشن کے تحت، پہلی بچاؤ کاری پرواز ایران سے 110 بھارت طلبا کو لے کر نئی دلّی پہنچی۔

4- خطّے میں امریکی فوجی تعیناتی میں اضافے کے ساتھ اسرائیل اور ایران کے درمیان تنازع نے شدّت اختیار کرلی ہے۔ تہران نے خبردار کیا ہے کہ یہ کارروائی مکمل جنگ کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔

5- اور سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا SEBI نے سرکاری سیکٹر کی کمپنیوں کو فہرست سے خارج کرنے نیز سرکاری بونڈز میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے راہ ہموار کرنے سمیت بازار میں اہم اصلاحات کو منظوری دی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Croatia Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کروشیا کا اپنا تاریخی اور پہلا سرکاری دورہ مکمل کر لیا ہے اور وہ نئی دلّی واپس آرہے ہیں۔ اعلیٰ سطحی مصروفیات سے بھرے اس دورے نے بھارت اور کروشیا کے باہمی تعلقات میں اہم اضافے کی نشاندہی کی اور مستقبل کے اسٹریٹجک تعاون کے لیے راہ ہموار کی۔

وسطی اور جنوب مشرقی یورپی ملک کے اپنے ایک دن کے دورے کے دوران، وزیر اعظم مودی نے Banski Dvori میں کروشیا کے اپنے ہم منصب Andrej Plenkovic کے ساتھ وفد سطح کی وسیع بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے عالمی امن، جمہوری اقدار، نیز تجارت، ٹیکنالوجی اور ثقافت میں باہمی اشتراک و تعاون کو وسعت دینے کے لیے مشترکہ عزم پر زور دیتے ہوئے ایک مشترکہ پریس بیان جاری کیا۔

وزیر اعظم مودی نے تنازعات کے پرامن حل کی پرزور وکالت کرتے ہوئے کہا کہ چاہے یورپ ہو یا ایشیا، جنگ کے میدان میں کوئی بھی حل تلاش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات اور سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کے لیے قابل عمل راستے ہیں۔ جناب مودی نے تمام ملکوں کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا احترام کرنے کے بھارت کے مستقل موقف کا اعادہ کیا۔

دہشت گردی کو انسانیت کا دشمن قرار دیتے ہوئے جناب مودی نے پہلگام میں 22 اپریل کو ہوئے دہشت گردانہ حملے کے بعد بھارت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے کے لیے کروشیا کی قیادت اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔

*S/B - PM 0815 PM Global Terrorism*

انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں اس طرح کی حمایت باہمی اعتماد اور دوستی کی گہرائی کو ظاہر کرتی ہے۔

دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تجارت کو مزید وسعت دینے اور لچکدار، قابل اعتماد سپلائی چین بنانے پر بھی اتفاق رائے کیا۔ بہتر تعاون کے لیے جن نئے شعبوں کی نشاندہی کی گئی، اُن میں دواسازی، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صاف ستھری اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز، قابل تجدید توانائی اور سیمی کنڈکٹرز شامل ہیں۔ جناب مودی نے جہاز سازی، سائبر سیکورٹی اور دفاع میں بڑھتے ہوئے تعاون کو اجاگر کیا۔ دفاعی تعاون کے لیے ایک طویل مدتی منصوبہ تیار کیا جائے گا، جس میں مشترکہ تربیت، فوجی تبادلے اور صنعت کی سطح پر شراکت داری کو شامل کیا جائے گا۔

باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے کی سمت میں ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے دونوں ممالک نے 4 مفاہمت ناموں پر دستخط کیے۔ زراعت اور متعلقہ شعبوں میں باہمی تعاون کے لیے پہلے مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ 2026-2030 کے لیے ثقافتی تبادلے کے پروگرام کے لیے دوسرے مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ 2025-2029 کی مدت کے لیے دونوں ممالک کی متعلقہ وزارتوں کے درمیان سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کے پروگرام کے لیے تیسرے مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ چوتھا مفاہمت نامہ یونیورسٹی آف Zagreb میں ہندی چیئر کے قیام سے متعلق ہے۔

وزیر اعظم مودی نے کروشیا میں یوگا کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کی بھی تعریف کی۔

انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ 21 جون کو یوگا کا بین الاقوامی دن پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا جائے گا۔

*S/B - PM Yoga Croatia*

ایک اور اہم مصروفیت میں وزیر اعظم مودی نے کروشیا کے صدر Zoran Milanovic کے ساتھ ایک علیحدہ میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ وژن کا اعادہ کرتے ہوئے خوشگوار بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے کثیر سطحی فورم میں اشتراک و تعاون، عوام سے عوام کے تعلقات کو وسعت دینے، جمہوریت، تکثیریت اور بین الاقوامی قانون کے اصولوں کی پاسداری کے لیے باہمی تعاون پر زور دیا۔

کروشیا کے وزیر اعظم Andrej Plenkovic نے Zagreb میں، وزیر اعظم مودی کے اعزاز میں ایک عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی کے لیے روانہ ہوتے ہوئے کروشیا کی حکومت اور عوام کا ان کی مہمان نوازی کے لیے تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس دورے کو ایک تاریخی لمحہ قرار دیا، جس سے مشترکہ اقدار اور امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے مشترکہ عزم پر مبنی باہمی تعاون کے لیے دونوں ملکوں کے تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز ہوا۔ اس کے ساتھ ہی وزیر اعظم مودی نے قبرص، کینیڈا اور کروشیا پر مشتمل تین ملکوں کا اپنا دورہ مکمل کیا۔

پیش ہے وزیر اعظم کے کروشیا دورے کی کوریج کرنے والے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

V/C - Sanjio

وزیر اعظم نریندر مودی کا کروشیا کا تاریخی دورہ دوستی، تعاون اور مشترکہ عالمی نظریے کے ایک مضبوط پیغام کے ساتھ کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔ ایک اہم سفارتی پیشرفت میں، وزیر اعظم مودی نے Zagreb میں اپنے قیام کے دوران کروشیا کے وزیر اعظم Andrej Plencovic اور صدر Zoran Milanovic کے ساتھ میٹنگ کی۔ صدر Milanovic کے ساتھ اُن کی میٹنگ میں امن، جمہوریت اور کثیر جہتی تعلقات سمیت عالمی مسائل پر دونوں ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی اسٹریٹیجک وابستگی کو اُجاگر کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو بڑھانے، تعلیمی اور ثقافتی تبادلوں کو وسعت دینے اور مختلف پلیٹ فارمز پر تعاون کو فروغ دینے میں خصوصی دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم Plenkovic کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت بھی اتنی ہی مفید اور نتیجہ خیز رہی۔ دونوں فریقوں نے تجارت، ٹکنالوجی میں شراکت داری اور دفاعی تعاون کو بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان چار مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے۔

Zagreb، کروشیا سے Sanjio کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حبیب الرحمٰن۔

MEA - Operation Sindhu

شمالی ایران سے پہلی بچاؤ کاری پرواز 110 بھارتی طلباء کو لے کر نئی دلّی پہنچی۔

بھارت نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری تنازعے کی وجہ سے بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر اپنے شہریوں کو ایران سے نکالنے کیلئے آپریشن سندھو شروع کیا ہے۔ پہلے مرحلے کے طور پر تہران میں بھارتی سفارتخانے نے اِس مہینے کی 17 تاریخ کو شمالی ایران سے 110 بھارتی طلبا کو بحفاظت آرمینیا میں داخل ہونے میں مدد فراہم کرتے ہوئے اُن کو وہاں سے نکالا۔ طلبا نے ایران اور آرمینیا میں بھارتی مشنوں کی نگرانی میں آرمینیا کی راجدھانی Yerevan تک سڑک کے راستے اپنا سفر طے کیا۔ یہ طلباء Yerevan سے ایک خصوصی طیارے کے ذریعے آج صبح نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے تہران میں MBBS کے ایک طالبعلم امان نظر نے ایران میں سکیورٹی چیلنجوں کے درمیان انخلاء کے بعد اپنا تجربہ شیئر کیا ہے۔

S/B - Amaan Nazar

جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے ایک اور طالبعلم زہران بَٹ جو MBBS کررہے ہیں، انہوں نے مرکزی حکومت سے اظہار تشکر کیا ہے۔

S/B - Zehran Butt

جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے ایک اور طالبعلم ٹی اسلام نے وزارت خارجہ کی طرف سے انہیں وہاں سے نکالنے میں کئے گئے انتظامات کی تعریف کی۔

*S/B - T Islam*

بھارت، بیرون ملک مقیم، بھارتی شہریوں کی حفاظت اور سلامتی کو اوّلین ترجیح دیتا ہے۔ جاری آپریشن کے ایک حصے کے طور پر ایران نے بھارتی سفارتخانہ بڑی تعداد میں، بھارتی شہریوں کی مدد فراہم کررہا ہے کہ وہ ایران کے اندر بڑھتی ہوئی کشیدگی والے علاقوں سے نسبتاً محفوظ علاقوں میں منتقل ہوجائیں۔

ایران میں بھارتی شہریوں کو رابطے میں رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

تہران میں بھارتی سفارتخانہ اپنی ہنگامی ہیلپ لائن کے ذریعے اور نئی دلّی میں وزارت خارجہ کی طرف سے قائم کردہ 24 گھنٹے ساتوں دن ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ نئی دلّی میں کنٹرول روم کا ہیلپ لائن نمبر یہ ہے:

پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین، صفر ایک، دو ایک، ایک تین۔

پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین، صفر ایک، چار ایک، صفر چار۔

اور پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین، صفر ایک، سات نو، صفر پانچ۔

جبکہ واٹس ایپ نمبر پلس نو ایک، نو نو، چھ آٹھ، دو نو، ایک نو، آٹھ آٹھ۔

اور ای-میل ایس آئی ٹی یو، اے ٹی آئی او، این آر، او او ایم @ ایم ای اے، ڈاٹ، جی او وی، ڈاٹ اِن۔×

Israel - Iran

اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ ڈرامائی طور پر شدت اختیار کر گئی ہے۔ اسرائیلی افواج نے پورے ایران میں سلسلے وار تین فضائی حملے کیے ہیں۔ ایرانی حکام مسلسل بمباری سے بڑھتے ہوئے جانی نقصان کی اطلاع دے رہے ہیں۔ ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق، تازہ ترین کشیدگی اس وقت سامنے آئی، جب اسرائیل نے ایران کے قومی پولیس ہیڈ کوارٹرس کو نشانہ بنایا، جس میں متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ دوسری طرف اسرائیل کے وزیر دفاع Katz نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے ملک نے ایران کی عوامی سکیورٹی کے ہیڈ کوارٹرس کو تباہ کر دیا ہے۔

مزید تفصیل مغربی ایشیاء کے ہمارے نامہ نگار سے

*V/C - Vinod Kumar*

*بدھ کے روز، اسرائیل نے تنازع شروع ہونے کے بعد سے ایران کے خلاف اپنی سب سے بڑی فوجی کارروائی شروع کی، دن بھر میں سلسلے وار تین فضائی حملے کیے گئے۔ پہلے سلسلے کے حملے کے تحت راتوں رات، تہران کے علاقے میں 40 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ اس میں Centrifuge مینوفیکچرنگ سائٹس اور ٹینک شکن میزائل تیار کرنے والے مراکز شامل ہیں۔ دوپہر میں، دوسرے سلسلے کے حملے کے تحت 20 مقامات کو نشانہ بنایا گیا اور میزائل تیار کرنے والے 3 اور مرکز پر حملہ کیا گیا۔ مغربی ایران میں زمین سے زمین پر مار کرنے والے میزائلوں کو لانچ کرنے اور ذخیرہ رکھنے کے مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ اسرائیل کی مسلسل بمباری کی وجہ سے تہران اور دیگر ایرانی شہروں سے بڑے پیمانے پر نقل مکانی شروع ہوگئی ہے۔*

*بڑے پیمانے پر افراتفری اور اضطراب کی کیفیت ہے۔ راستوں پر ٹریفک جام*

ہے۔ ایرانی حکام اور انسانی حقوق گروپ کی جانب سے اب تک 585 افراد کے مارے جانے اور ایک ہزار 300 سے زیادہ تر افراد کے زخمی ہونے کا تخمینہ ہے، ان میں زیادہ عام شہری ہیں۔

ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں محمد عمار۔

ایران نے پوری طاقت کے ساتھ جواب دیا ہے۔ اُس نے تنازعہ شروع ہونے کے بعد سے اسرائیل پر 400 سے زیادہ بیلسٹک میزائل داغے ہیں اور تقریباً ایک ہزار ڈرون حملے کیے ہیں۔ اسرائیل کے دفاعی نظام نے ایران کی طرف سے آنے والے زیادہ تر میزائلوں اور ڈرون کو ناکارہ بنایا ہے۔ پھر بھی کم از کم 20 میزائل شہری علاقوں پر گرے ہیں، جس کے نتیجے میں 24 ہلاکتوں کی تصدیق ہوئی ہے اور 500 سے زیادہ اسرائیلی زخمی ہوئے ہیں۔

ایرانی پاسداران انقلاب نے مسلسل جوابی کارروائی کا عزم ظاہر کیا ہے۔ اس دوران ایران سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے کشیدگی میں کمی کے لیے بڑھتے ہوئے بین الاقوامی دباؤ کو مسترد کر دیا ہے۔

ایران نے سخت وارننگ جاری کی ہے کہ امریکہ کی طرف سے کسی بھی قسم کی براہ راست مداخلت پورے مغربی ایشیا میں 'ناقابل تلافی نقصانات' اور مکمل جنگ کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔

دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خطے میں فوجی تعیناتی کرکے امریکی مداخلت کو بڑھا دیا ہے۔ انہوں نے ایران سے 'غیر مشروط ہتھیار ڈالنے' کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ ٹرمپ نے پہلے تحمّل سے کام لینے کا مطالبہ کیا تھا تاہم اب انہوں نے اسرائیلی فوجی کارروائیوں کی کھلی حمایت کی ہے۔ ایسے میں اُن کا اپنے سابقہ موقف سے ہٹنا تنازع کی رفتار کو نئی شکل دے سکتا ہے۔×

Def. Secy Israel DG

دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے، اسرائیل کی وزارتِ دفاع کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل Amir Baram کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ دونوں لیڈروں نے مغربی ایشیاء کے موجودہ حالات پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں لیڈروں کے درمیان یہ بات چیت اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران ہوئی ہے۔

گزشتہ جمعہ کو وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی خطّے کے حالات کے بارے میں اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو سے بات کی تھی۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

SEBI - New Reforms

سیکورٹی اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا، SEBI نے بھارتی مالیاتی منڈیوں کو زیادہ مؤثر، جامع اور سرمایہ کاروں کے موافق بنانے کے مقصد سے اہم اصلاحات کا اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ سیبی کی بورڈ میٹنگ کے دوران لیا گیا، جس کی قیادت اس کے چیئرپرسن Tuhin Kanta Pandey نے کی۔

ان نئے اقدامات کے مطابق سب سے بڑی تبدیلیوں میں سے ایک یہ ہے کہ اسٹاٹ اپس کے بانیوں کو اب اپنے ملازمین کے اسٹاک آنر شپ پلانز ESOPS رکھنے کی اجازت ہوگی، یہاں تک کہ اُن کی کمپنیاں سرکاری ہونے کے بعد بھی اس سے پہلے بانیوں کو IPO کے بعد پرموٹر سمجھا جاتا تھا اور وہ ESOPS کے اہل نہیں تھے۔ تاہم غلط استعمال کو روکنے کیلئے سیبی نے ESOPS جاری کرنے اور IPO کیلئے فائل کرنے کے درمیان ایک سال کا وقفہ رکھنا لازمی قرار دیا ہے۔ ایک اور اہم فیصلے میں مارکیٹ ریگولیٹر نے پبلک سیکٹر اَنڈرٹیکنگ PSUs کو اب اسٹاک مارکیٹ سے اگر حصص یافتگان کی منظوری ہو، تو زیادہ آسانی سے ہٹایا جاسکے گا۔

اس کے علاوہ مزید طویل مدتی غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کیلئے سیبی نے غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے قواعد کو بھی آسان بنا دیا ہے، جو خصوصی طور پر سرکاری بانڈز میں سرمایہ کاری کرتے ہیں۔×

Nirmala - Fintech

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ مالیاتی ٹیکنالوجی کا بازار 2028-29 تک 400 ارب امریکی ڈالر سے زیادہ کا ہو جانے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے پناہ مواقع ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے برسوں ملک میں مالیاتی ٹیکنالوجی کا انقلاب آئے گا۔×

Assembly Bypolls

چار ریاستوں کی پانچ اسمبلی سیٹوں پر آج ضمنی انتخابات ہورہے ہیں۔ یہ ضمنی انتخابات گجرات کی دو، کیرالہ، مغربی بنگال اور پنجاب کی ایک-ایک اسمبلی سیٹ کیلئے ہورہے ہیں۔

ووٹوں کی گنتی پیر کے روز ہوگی۔×

11 Years - Deepa Malik

مرکز میں، NDA حکومت نے 11 سال مکمل کرلیے ہیں۔ اس دوران بھارت کے کھیل کود کے سیکٹر نے بڑے پیمانے پر تبدیلی کا مشاہدہ کیا ہے۔ ٹارگیٹ اولمپک پوڈیم اسکیم TOPS کھیلو انڈیا اور KIRTI جیسی اسکیموں نے کھلاڑیوں کی کارکردگی کو نمایاں طور پر بہتر بنایا ہے۔ اس کے نتیجے میں عالمی کھیل مقابلوں میں بھارت کے تمغوں کی فہرست میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے معروف پیرا ایتھلیٹ اور ایشین پیرالمپک کمیٹی کی ایگزیکٹو بورڈ ممبر دیپا ملِک نے حکومت کے ذریعے کیے گئے کثیر رخی اقدامات کی تعریف کی اور کہا کہ اِن اقدامات کے سبب کھیل کود کے سیکٹر میں انقلابی تبدیلی آئی ہے اور کھلاڑیوں کی زندگی بہتر ہوئی ہے۔

*S/B - Deepa Malik*

Yoga - Panchayats

آنے والے یوگا کے بین الاقوامی دن کو تاریخی بنانے کے لیے گرام پنچایت بڑے پیمانے پر لوگوں کو تحریک دے کر پوری طرح تیار ہے۔ پچھلے مہینے وزیر اعظم نریندر مودی نے گرام پنچایتوں سے اپیل کی تھی کہ وہ اپنی اپنی پنچایتوں میں لوگوں کو یوگا کے بین الاقوامی دن میں شرکت کرنے کے لیے تحریک دیں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔ جناب مودی نے اُن پر زور دیا کہ وہ یوگا کو معاشرے کی زندگی کا ایک حصہ بنانے کے لیے آگے بڑھ کر قیادت کریں۔ وزیر اعظم کی اپیل پر جوش و خروش کے ساتھ ملک بھر کے گرام پنچایتیں، خصوصی یوگا سیشنز کا اہتمام کر رہی ہیں۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات، IMD نے آج جھارکھنڈ میں الگ الگ مقامات پر انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
گجرات، کیرالا، ماہے، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، اتراکھنڈ، مدھیہ پردیش اور شمال مشرقی ریاستوں کے کچھ حصوں میں بھی شدید بارش ہوگی۔
اگلے چار روز ملک کے مختلف حصوں میں مختلف مقامات پر موسلادھار بارش کا بھی امکان ہے۔
دہلی، ہریانہ، پنجاب، مدھیہ پردیش، آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں منگل تک گرج، چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔×

Aranya Rishi Dies

ماحولیات، جنگلی حیات کے ماہر اور پدم شری ایوارڈ یافتہ ماروتی چِتم پلّی، جو Aranya Rishi کے نام سے مشہور ہیں، مہاراشٹر کے سولاپور میں بڑھتی عمر سے متعلق مسائل کی وجہ سے 93 برس کی عمر میں انتقال کرگئے۔
انہوں نے اپنی زندگی جنگلات، جنگلی حیات اور قدرتی وسائل و ماحولیات سے متعلق تحفظاتی ادب کیلئے وقف کردی۔
چِتم پلّی نے اِسی سال 30 اپریل کو صدر جمہوریہ سے پدم شری حاصل کیا تھا۔×

UNSC Meet Iran

چین، پاکستان اور روس کی حمایت کے ساتھ ایران کی درخواست پر اقوام متحدہ سلامتی کونسل کل نیویارک میں ایران پر ایک ہنگامی اجلاس بلائے گی۔ گزشتہ جمعہ کو منعقد ہوئے ابتدائی اجلاس کے بعد یہ ایران پر اقوام متحدہ سلامتی کونسل کا دوسرا ہنگامی اجلاس ہوگا۔×

Squash - C'Ship

ملیشیا میں ہونے والی ایشین اسکواش چمپئن شپ 2025 میں بھارت کے وِیلوان سینتھل کمار نے کل رات کو، Kuching میں جاپان کے Tomotaka Endo کو صفر تین سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ عالمی نمبر 45 سینتھل کمار پچھلے راؤنڈ میں چین کے Li Hazhen کو شکست دینے کے بعد اب ٹورنامنٹ میں باقی رہنے والے واحد بھارتی کھلاڑی ہیں۔ سورج چند، آکانشہ سولنکھے اور ثمینہ ریاض پہلے ہی راؤنڈ میں باہر ہوگئے۔ جبکہ Anahat Singh نے سنگلز میں حصہ نہیں لیا، لیکن وہ اگلے ہفتے ہونے والی ایشین ڈبلز اسکواش میں چمپئن شپ میں حصہ لیں گے۔×

Hockey - Masters Cup

افتتاحی ہاکی ماسٹرز انڈیا کپ 2025 کل چنئی میں شروع ہوا۔ خواتین کے زمرے میں ہاکی کرناٹک نے، کیرالہ ہاکی کو سات-صفر سے شکست دی۔ جبکہ ہاکی مہاراشٹر کو ہاکی ہماچل کے میچ ہارنے کے بعد پانچ-صفر سے کامیابی ملی۔ مردوں کے زمرے میں ہاکی پنجاب نے Le پڈوچیری ہاکی کو تین-دو سے شکست دی اور تمل ناڈو کی ہاکی یونٹ نے کیرالہ ہاکی کو آٹھ-صفر سے شکست دی۔
خواتین کے زمرے میں خطاب کیلئے 8 ٹیمیں مد مقابل ہیں: جن میں اوڈیشہ، ہریانہ، ہماچل پردیش، کرناٹک، مہاراشٹر، پنجاب، تمل ناڈو اور کیرالہ شامل ہیں۔
مردوں کے زمرے میں 11 ٹیمیں ہیں، جن کا فائنل رواں ماہ کی 27 تاریخ کو ہوگا۔×

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حبیب الرحمٰن

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ٹیلی فون پر 35 منٹ طویل گفتگو کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے: پاکستان سے رشتے اور کشمیر پر کسی کی ثالثی قبول نہیں۔

بھارت-کناڈا تعلقات کے دوبارہ پٹری پر لوٹنے کی راہ ہموار ہونے کی خبر کو اخباروں نے اہمیت کے ساتھ صفحہ اوّل پر شائع کیا ہے۔

ایران-اسرائیل کے درمیان جاری تنازعہ کی وجہ سے بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر حکومت نے ایران سے 110 بھارتی طلباء کو نکالا۔ روزنامہ انقلاب نے اس خبر کو نمایاں طور پر صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔

FASTage سالانہ پاس کے اعلان سے متعلق خبر کو روزنامہ ملاپ اور پرتاپ نے اہمیت کے ساتھ صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے: پرائیویٹ گاڑیوں کیلئے فاسٹیگ پر مبنی سالانہ پاس تین ہزار روپے میں جاری کرنے کا اعلان۔ یہ سروس 15 اگست سے شروع ہوگی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر تجارت و صنعت پیوش گوئل کے برطانیہ کے دو روزہ سرکاری دورے کی خبر کو صفحۂ اوّل پر شائع کیا ہے۔

چند اہم بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ اسرائیل میں امریکی سفارتخانہ عارضی طور پر بند۔

☆ ایرانی حملوں کے پیش نظر اسرائیل میں تقریبات پر پابندی، اسکولوں کو کیا گیا بند۔

☆ جنگ میں امریکی شمولیت کی خبروں کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں زبردست اضافہ۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم مودی نے، کروشیا کا اپنا پہلا دورہ مکمل کیا۔ انہوں نے تنازعات کے پُر امن حل پر زور دیا اور دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت کا دشمن قرار دیا۔

2- بھارت اور کروشیا نے زراعت، ثقافت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں نیز Zagreb یونیورسٹی میں ہندی چیئر قائم کرنے سے متعلق مفاہمت ناموں پر دستخط کیے۔

3- سندھو آپریشن کے تحت، پہلی بچاؤ کاری پرواز ایران سے 110 بھارت طلبا کو لے کر نئی دلّی پہنچی۔

4- خطّے میں امریکی فوجی تعیناتی میں اضافے کے ساتھ اسرائیل اور ایران کے درمیان تنازع نے شدّت اختیار کرلی ہے۔ تہران نے خبردار کیا ہے کہ یہ کارروائی مکمل جنگ کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔

5- اور سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا SEBI نے سرکاری سیکٹر کی کمپنیوں کو فہرست سے خارج کرنے نیز سرکاری بونڈز میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے راہ ہموار کرنے سمیت بازار میں اہم اصلاحات کو منظوری دی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------